# مسافر کی دعا

# THE TRAVELLER'S PRAYER





# مسافر کی دعا

نبی اکرم ﷺ بچوں کے لئے

حضرت محمد ﷺ اللہ کا پیغام لے کر آخری رسول کی حیثیت سے ہمارے پاس آئے۔ آپؐ کی سیرت سے لیے گئے یہ واقعات ہمیں اپنی روزمرہ کی تمام سرگرمیوں میں صحیح راہ دکھاتے ہیں۔ درحقیقت ہم سب کے لیے صحیح زندگی گزارنے میں آپؐ کی زندگی ایک مثال ہے۔



"نبی اکرم ﷺ بچوں کے لیے" سیریز خاص طور پر بچوں کو خوبصورت اور دلکش انداز میں نبی اکرم ﷺ کی زندگی کے بارے میں جاننے اور سمجھنے کے قابل بنانے کے لیے ڈیزائن کی گئی ہے۔ بچوں کو نبی اکرم ﷺ کی زندگی اور پیغام کے معنی اور مقصد کی وضاحت کرنے کا یہ ایک عمدہ طریقہ ہے۔ سادہ متن اور رنگین تصاویر ننھے متحرک ذہنوں کو موہ لیں گی۔

HermainQuranSchool@gmail.com HermainQuranSchool +923187782560 Hermain Quran School



The Quran is full of prayers and godly messages. It expresses the believer's inner feelings in simple, powerful words which uplift the spirit and enrich the heart and mind.

قرآن دعاؤں اور خدا کے پیغامات سے بھرا ہوا ہے۔ یہ مومن کے اندرونی جذبات کو آسان، ٹھوس الفاظ میں بیان کرتا ہے جو روح کو بلند کرتا ہے اور دل و دماغ کو قوت بخشتا ہے۔

The Quran reminds us to say our prayers while on a journey:

*"It is He who made the earth a resting place...created all things in pairs and made for you the ships and animals on which you ride, so that you may remember your Lord's blessing when you are seated on them."*





سفر کے دوران قرآن ہمیں دعا پڑھنے کی یاددہانی کراتا ہے:

"وہی ہے (اللہ) جس نے زمین کو ایک آرام گاہ بنایا۔۔۔سب چیزوں کو جوڑا بنا کر پیدا کیا اور تمہارے کے لئے جہاز اور جانور بنائے جس پر تم سوار ہوتے ہو تا کہ تم اپنے رب کی نعمت کو یاد رکھو جب تم ان پر سوار ہو۔"





Therefore, the Prophet Muhammad ﷺ would often recite the following prayer while riding a camel or a horse: *"Glory be to Him, who has made these (animals) serve us, for we ourselves could not be their masters. To our Lord we shall all return."*

اس لئے پیغمبر حضرت محمد ﷺ گھوڑے یا اونٹ پر سوار ہوتے وقت اکثر یہ دعا پڑھتے: ''پاک ہے وہ ذات، جس نے ان (جانوروں) کو ہماری خدمت پر رکھا، کیوں کہ ہم خود ان پر قابو نہیں پا سکتے تھے۔ ہم سب کو اپنے رب کی طرف لوٹ کر جانا ہے''۔

This prayer reminds us that all means of going from one place to another, whether animals such as horses or camels, or machines such as cars, aeroplanes or ships, are actually a blessing from the Almighty.

یہ دعا ہمیں یاد دلاتی ہے کہ
ایک جگہ سے دوسری جگہ جانے
کے تمام ذرائع مثلاً جانور
چاہے گھوڑے یا اونٹ ہوں یا
مشینیں جیسے کار، ہوائی جہاز یا
بحری جہاز دراصل اللہ تعالیٰ کی
طرف سے ایک نعمت ہیں۔





HERMAIN QURAN SCHOOL






With the help of the forces in nature that the Creator has given, we are able to make them work. For example, cars run on petrol or gas, which has been created by the Almighty. Without this we could not use them.

خالق (اللہ) نے قدرت کی جو قوتیں ہمیں دی
ہیں ان کی مدد سے ہم ان چیزوں کو کام کرنے کے
قابل بناتے ہیں۔ مثال کے طور پر کاریں پٹرول یا
گیس سے چلتی ہیں، جو خدا تعالیٰ نے بنائی ہیں۔
اس کے بغیر ہم انہیں استعمال نہیں کر سکتے تھے۔



Similarly, aeroplanes fly in the sky, thanks to a kind of force found in the air. Without this force, no aeroplanes could fly.

اسی طرح ہوا میں پائے جانے والی ایک قسم کی قوت کی بدولت ہوائی جہاز بھی آسمان میں اڑتے ہیں۔ اس قوت کے بغیر کوئی ہوائی جہاز پرواز نہیں کرسکتا۔



HERMAIN QURAN SCHOOL





We should thank ALLAH for all these blessings with a sense of awe, as man could not do anything if the Creator had not provided all the natural resources which we use.

ہمیں خوف کے احساس کے ساتھ ان
تمام نعمتوں کے لئے اللہ کا شکر ادا کرنا
چاہیے، کیونکہ انسان کچھ نہیں کرسکتا تھا
اگر خالق نے یہ تمام قدرتی وسائل مہیانہ
کیے ہوتے جو ہم استعمال کرتے ہیں۔

HERMAIN QURAN SCHOOL

Therefore, whenever we sit in a car or on board a ship we should recite the traveller's prayer. This shows that we realize that all the things that we possess are blessings from the Almighty, our Creator.

لہٰذا جب بھی ہم گاڑی یا جہاز میں سوار ہوتے ہیں تو ہمیں سفر کی دعا پڑھنی چاہیئے۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ ہمیں احساس ہے کہ ہمارے پاس جو بھی چیزیں ہیں وہ ہمارے خالق کی عطا کردہ ہیں۔

HERMAIN QURAN SCHOOL



While travelling the Prophet Muhammad ﷺ would read another short prayers, which is as follows: *"O ALLAH, you are my companion during the journey and the safe keeper of my family."*

سفر کے دوران حضرت محمد ﷺ
ایک مختصر دعا بھی پڑھا کرتے، جو
یہ ہے: "اے اللہ، آپ سفر کے
دوران میرے رفیق اور میرے
اہل خانہ کے محفوظ نگہبان ہیں"۔

HERMAIN QURAN SCHOOL





سُبْحَانَ الَّذِیْ سَخَّرَ لَنَا هٰذَا وَمَا كُنَّا لَهٗ
مُقْرِنِیْنَ وَ اِنَّآ اِلٰی رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ

اللہ تعالیٰ پاک ہے جس نے اِس سواری کو ہمارے قبضہ میں دے دیا اور اس کی قدرت کے
بغیر ہم اسے قبضہ میں کرنے والے نہ تھے اور بلاشبہ ہم کو اپنے رب کی طرف لوٹ کر جانا ہے۔

*Glory be to Him, who has made these serve us,
for we ourselves could not be their masters.
To our Lord we shall all return.*



اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الصَّاحِبُ فِی السَّفَرِ،
وَالْخَلِیْفَةُ فِی الْاَهْلِ

''اے اللہ، آپ سفر کے دوران میرے رفیق ہیں
اور میرے اہل وعیال کے نگہبان ہیں''۔

*O Allah, You are my companion during
the journey and the safe keeper of my family.*

These two little prayers give the traveller the feeling of everything being safe and sound, which makes the journey easier and more meaningful for him or her.

یہ دو چھوٹی دعائیں مسافر کو ہر
چیز کے محفوظ اور پرسکون ہونے
کا احساس دلاتی ہیں، جس
سے ان کے لئے سفر آسان اور
مفید ہو جاتا ہے۔





## Questions

What does Quran remind us to say?

Who created petrol and gas?

Which force helps aero planes to fly in the air?

What should we recite whenever we sit in a car or on board a ship?

How many traveller's prayers did the Prophet Muhammad ﷺ teach us?

HERMAIN QURAN SCHOOL



*Surah al-Zukhruf 43:14*